# قصور اپنا نکل آیا

مفتی فیاض احمد محمود

**تربیتِ اولاد سے غفلت پچھتاوے کا سبب بنے گی جاویدہ بیگم ورنگلیبچے کو صرف اچھا کھلانا پلانا اور پہنانا ہی والدین کی ذمہ داری نہیں ہوتی ، بچے کی تربیت اس کے چال چلن، طور طریقے، میل ملاپ اور دوست احباب پر بھی مسلسل نگاہ رکھنی ہوتی ہے۔ اس طرف سے غفلت کا نتیجہ بگاڑ ہی کی صورت میں سامنے آئے گا۔**

آدم اور حوا علیہم السلام نے اللہ کے حکم کی نافرمانی کی اور غلطی کا احساس ہوتے ہی انہوں نے اعترافِ گناہ کیا اور اللہ سے اپنی غلطی کی معافی مانگی۔ انہوں نے یہ نہیں کہا کہ اے اللہ یہ غلطی ہم نے خود سے نہیں کی ، شیطان نے کچھ اس طرح ہم کو ترغیب دی کہ ہم اس کی باتوں میں آگئے ، تیری نافرمانی ہم سے ہوگئی۔ ہم انہی کی اولاد ہیں مگر ہم اپنی کسی غلطی کو تسلیم کرنے تیار نہیں ہوتے ، اپنی ہر غلطی کا الزام دوسروں کو دیتے رہتے ہیں۔
آج کل نشانے پر نوجوان نسل ہے۔ بیٹھکوں اور محفلوں میں یہ نوجوان نسل موضوع گفتگو بنی ہوئی ہے کیوں کہ نوجوان نسل کا بگاڑ نہ صرف آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے بلکہ اس بگاڑ کا خمیازہ بڑوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ ان کی بدتمیزی و بدسلوکی ، بداخلاقی اور زبان درازی گھر کا سکون تباہ کر کے رکھ دیتی ہے ، جینا دوبھر ہو کر رہ جاتا ہے۔ بڑے آپس میں مل بیٹھ کر اولاد کے بگاڑ کا رونا روتے ہیں۔ جس اولاد کو آرام پہنچانے کے لیے دن رات کولہو کے بیل کی طرح کام کیا ، دن کو دن سمجھا نہ رات کو رات ، بس زیادہ سے زیادہ پیسہ حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ آج وہی اولاد ایسی ناخلف نکلی کہ باپ کا وجود ہی بار خاطر نظر آرہا ہے۔ ہر ایک اپنی ان کوششوں کا ، جو اولاد کو آرام پہنچانے کے سلسلے میں کیا تھا ، اولاد کے طرز عمل پر اپنے رنج اور پریشانی کا اظہار کرتا ہے مگر کوئی یہ نہیں سوچتا کہ ان کی کوششوں کا نتیجہ ہی تو ہے کہ اولاد آرام طلب ، عیش پسند ہوگئی ہے۔ عیش پسند ، آرام طلب اولاد کے بارے میں سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ ان سے خدمت گزاری ہوگی۔ بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ صحت کے ہزاروں مسائل پیدا ہوتے ہیں جو محنت اور خدمت مانگتے ہیں۔ عیش و آرام میں پلی بڑھی اولاد جو عیش دنیا کو سب کچھ سمجھتی ہو وہ بھلا ماں باپ کی خدمت کرنا کیوں چاہے گی؟ یہ ہٹی کٹی عیش پسند اولاد ان کی ہی چاہتوں کا نتیجہ تو ہے۔
نیم کا بیج بو کر آم کی توقع تو نہیں کی جاسکتی۔ جو بیج بویا جاتا ہے وہی پھل تو ملے گا۔ فصل حاصل کرنے والا کسان کسی وقت بھی اپنے فصل سے غافل نہیں رہتا۔ فصل کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو فوراً ہی اس کا تدارک کرتا ہے۔ واقعات میں پڑھنے میں آیا کہ حضرت عبدالعزیز بن مروان مصر کے گورنر تھے جب ان کے بیٹے عمر نے ہوش سنبھالا تو ان کو اپنے بیٹے کی تعلیم و تربیت کی فکر ہوئی تب انہوں نے اپنے بیٹے عمر کو مدینہ کے استاد صالح بن کیسان کے پاس بھیجا۔ حضرت صالح بن کیسان نے بڑی محنت و توجہ سے ان کی تعلیم و تربیت کی۔ خاص کر نماز کی پابندی کی تاکید کرتے۔ اس سلسلے میں کسی کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کرتے تھے۔ ایک دن اتفاق سے عمر نماز میں دیر سے پہنچے ، نماز سے فراغت کے بعد حضرت صالح نے پوچھا کہ نماز میں دیر سے کیوں آئے؟ عمر نے جواب دیا حضرت! میں بال سنوار رہا تھا۔ صالح نے کہا اچھا اب بالوں کی طرف اتنی توجہ ہوگئی کہ نماز میں تاخیر ہونے لگی۔ ایسے بال سر پر کیسے رکھے جاسکتے ہیں جو نمازوں میں تاخیر کا سبب بنیں؟ فوراً حضرت صالح نے گورنر مصر عبدالعزیز کو خط لکھ بھیجا ، واقعہ تفصیل کے ساتھ لکھا۔ عبدالعزیز نے فوراً ایک آدمی کو مدینہ بھیجا اور یہ تاکید کی کہ مدینہ پہنچ کر سب سے پہلے عمر کے بال منڈواو۔ اس کے بعد کسی سے بات کرنا۔ اس حسن تربیت اور نمازوں کی پابندی کی برکت تھی کہ عمر شان بنے تاریخ کی ایک زندہ جاوید ہستی۔ جب انہوں نے خلافت سنبھالی تو لوگوں نے پھر ایک بار آنکھوں سے خلافت راشدہ کا مبارک دور دیکھا۔



ایک قاتل کو جب سولی کی سزا دی جا رہی تھی اس وقت اس سے آخری خواہش پوچھی گئی تو اس نے اپنی ماں سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ جب بیٹے سے ملنے ماں آئی تو اس نے ماں کو کان قریب لانے کا اشارہ کیا۔ ماں سمجھی کہ بیٹا اس سے کوئی خاص بات کہنا چاہتا ہے۔ کان قریب لائی تو بیٹے نے ماں کا کان کتر دیا۔ اس حرکت پر جب اس کو لعنت ملامت کیا گیا تو وہ کہنے لگا آج میں جو اس انجام کو پہنچا ہوں اس کی ذمہ دار یہ میری ماں ہے۔ میں جب پہلی بار چوری کیا تھا تو اس وقت مجھے برا بھلا کہا نہ مجھے کچھ نصیحت و ہدایت کی۔ اس کے نتیجے میں میں چور ڈاکو قاتل بن گیا۔ ایک کسان صرف کھیت میں بیج بو کر کھیت کو پانی دے کر اطمینان سے بیٹھا نہیں رہتا وہ مسلسل اپنی ہونے والی فصل کی دیکھ بھال کرتا رہتا ہے۔ وہ صرف یہی نہیں دیکھتا کی فصل کو خاطر خواہ پانی مل رہا ہے بلکہ اس بات پر بھی خصوصی توجہ دیتا ہے کہ فصل کیڑا لگ جانے سے محفوظ ہے یا نہیں۔ اگر فصل کو کیڑا لگ جائے تو فوراً ہی اس کا تدارک کرتا ہے۔ یہ کوشش اس وقت تک کرتا رہتا ہے جب تک فصل کیڑوں سے صاف نہ ہو جائے۔ انسان کا بچہ تو مسلسل نگہداشت چاہتا ہے۔ اس کے بگڑنے کے امکانات بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ اس لیے بچے کو صرف اچھا کھلانا پلانا اور پہنانا ہی والدین کی ذمہ داری نہیں ہوتی ، بچے کی تربیت اس کے چال چلن طور طریقے میل ملاپ دوست احباب پر بھی مسلسل نگاہ رکھنی ہوتی ہے۔ اس طرف سے غفلت کا نتیجہ بگاڑ ہی کی صورت میں سامنے آئے گا۔ جو بگاڑ آج کل موضوع بحث بنا رہتا ہے۔ ہم الزام ان کو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا۔

# اعلیٰ تعلیمی ادارے۔ ہماری اولین ترجیحات

تحریر-----
مفتی فیاض احمد محمود برمارے

علیمی ادارے معاشرتی ترقی اور شخصی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ افراد کو مختلف شعبوں میں مہارتیں حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں اور معاشرتی تعلقات میں بہتری لاتے ہیں۔ تعلیمی ادارے علمی اور فکری تربیت دیتے ہیں جو ایک ملک کی ترقی اور ترقی کے لحاظ سے بہت اہم ہوتے ہیں۔ ہمارے ملک کی ترقی میں ملک کے کونے کونے میں قائم شدہ تعلیمی اداروں کا بڑا دخل ہے ، اس لئے کہ جب ملک کی عوام پڑھی لکھی اور تعلیم یافتہ ہوگی تو ملک ہر اعتبار سے مضبوط بھی ہوگا اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کی صف میں نظر آنے کے قابل ہوگا ، لیکن افسوس اس بات کا ہے اس ملک کے مسلمانوں کی آبادی کے اعتبار سے مسلمانوں کی طرف سے قائم کردہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کی تعداد کافی کم ہے ، اور جو ہیں ان کا معیار اتنا بلند نہیں ہے جتنا ہونا چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلم قوم کے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اعلیٰ تعلیم کے لئے برادران وطن کی ماتحتی میں چلنے والے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ لینے پر مجبور ہیں ، حالاں کہ ان اداروں کی ضرورت پہلے بھی تھی لیکن۔ موجودہ دور میں ایسے اداروں کی ضرورت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے ، اس لئے کہ مسلم قوم کی مجبوری کا فائدہ اٹھا کر ہماری نسل کو ایمانی اور دینی اعتبار سے کمزور کرنے کی ایک کامیاب کوشش ہو رہی ہے ، انھیں اعلیٰ ڈگریوں کی تفویض کے ساتھ دین بیزار بنانے کے منصوبہ پر عمل ہو رہا ہے ، اس میں کوئی شک نہیں کہ ان نازک اور سنگین حالات میں کچھ لوگ بیدار ہو رہے ہیں اور ماضی و حال سے عبرت لیتے ہوئے اور نئی نسل کے مستقبل کو سامنے رکھتے ہوئے پچھلے کچھ سالوں سے اس میدان میں۔ کچھ ہلچل نظر آرہی ہے لیکن وہ ناکافی ہے۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کا قیام آسان بھی نہیں لیکن ناممکن بھی نہیں ، کہ ہماری قوم کے پاس وہ طاقت ہے وہ صلاحیت ہے کہ وہ بہترین سے بہترین اعلیٰ تعلیمی اداروں کا قیام ممکن بنا سکتی ہے ، اپنی نسل کے روشن مستقبل کے لئے اپنا مال بے دریغ خرچ کر سکتی ہے ، کیوں کہ یہ قوم اپنے آپ کو ، اپنی نسل کو دین سے وابستہ رکھنے کے لئے لاکھوں روپے خرچ کرتی ہے۔ مختلف دینی جلسوں اور پروگراموں کو اپنے مال کا صحیح مصرف سمجھتی ہے اور کبھی تو غلو اور اسراف کی حد بھی پار کر لیتی ہے ، اسی طرح بعض لوگ غیر اسلامی طریقوں کو اسلام اور مذہب کا رنگ دے کر اپنا بے حساب مال اور اپنی صلاحیتیں ضائع کر دیتے ہیں ، اگر ان پروگراموں اور جلسوں کو مختصر کیا جائے اور اپنی ترجیحات پر غور کیا جائے ، اپنا پیسہ صحیح اور درست جگہ پر خرچ کرنے کا جذبہ پیدا ہو جائے ، ترجیحات کا رخ اعلیٰ تعلیمی اداروں کے قیام کی طرف موڑ دیا جائے اور سب مل کر یہ ارادہ کر لیں کہ علاقائی یا کم از کم ریاستی سطح پر مسلمانوں کی زیر نگرانی چلنے والے بڑے کالج یا یونیورسٹیاں قائم کی جائیں تو صرف امید ہی نہیں بلکہ یقین ہے کہ ہمارے اپنے اعلیٰ قسم کے تعلیمی ادارے وجود میں آئیں گے ، جس کے نتیجہ میں قوم کی ایک بڑی ضرورت پوری ہوگی ، مال وقت اور حالات کے تقاضوں پر استعمال ہوگا ، لہٰذا سارے اچھے کاموں میں اس کام کو ترجیح دینے کا مزاج پیدا کرنا ضروری ہے ، چوں کہ ہر نیا دن نئے نئے چیلنج سے شروع ہوتا ہے ، ہر گذرتے دن کے ساتھ نیا قانون اور نیا بل پاس ہو رہا ہے کوئی بعید نہیں کہ آئندہ چل کہ اقلیتی طبقات کو مزید کمزور کرنے کے لئے سرکاری اور نیم سرکاری اعلی کالجس اور یونیورسٹیوں میں داخلوں پر پابندی لگ جائے ، یا اقلیتوں کو تعلیمی اداروں کے قیام کے لئے مزید اور ناقابل حل مشکلات پیدا کی جائیں۔ لہٰذا ایسے حالات کے پیدا ہونے سے پہلے نسلِ نو کو اعلیٰ تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے معیاری تعلیم گاہوں کا قیام اولین ترجیحات میں شامل کرنا پوری قوم کی ذمہ داری ہے۔



☆☆☆☆☆

